12.04.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .....کلیم احمد

Music

☆ مایۂ ناز گلوکارہ آشا بھوسلے کا ممبئی میں انتقال ہوگیا ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ خواتین ریزرویشن ایکٹ کو صحیح معنوں میں نافذ کیا جائے۔ اُنہوں نے پارلیمنٹ کے سبھی ارکان پر زور دیا کہ وہ اِس ایکٹ کی ترامیم کو اتفاقِ رائے سے منظور کرائیں۔

☆ مغربی بنگال اور تمل ناڈو میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ وزیراعظم اس وقت مغربی بنگال میں Siligury کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کررہے ہیں۔

☆ سالانہ امرناتھ یاترا تین جولائی سے شروع ہوگی۔ یاترا کیلئے رجسٹریشن کا عمل اِس ماہ کی 15 تاریخ سے شروع ہوگا۔

☆ امریکہ اور ایران کے وفود مغربی ایشیا امن معاہدے پر کسی سمجھوتے کے بغیر اسلام آباد سے روانہ ہوگئے ہیں۔

☆ اور..... IPL کرکٹ میں آج سہ پہر میزبان لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا، جبکہ شام کو ایک دوسرے میچ میں وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس اور رائل چیلنجرس بنگلورو آمنے سامنے ہوں گے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے.....

Rev. Asha Bhosle

ممتاز گلوکارہ اور پدم وِبھوشن انعام یافتہ آشا بھوسلے کا آج ممبئی میں 92 سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ مہاراشٹر کے ثقافت کے وزیر آشیش Shelar نے اسپتال کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے اِس خبر کی تصدیق کی ہے۔ اِس موقع پر ڈاکٹر Prateet Samdani بھی موجود تھے۔ اُن کی آخری رسوم گل شام چار بجے شیواجی پارک میں ادا کی جائیں گی۔ اُن کی پوتی Zanai Bhosle نے سوشل میڈیا پر بتایا ہے کہ اُنہیں گل شام سینے میں انفیکشن اور تھکان کے سبب ایک نجی اسپتال میں داخل کرایا گیا۔

آشا بھوسلے کو جدید ہندوستانی موسیقی میں سب سے عظیم گلوکاراؤں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ وہ 1933 میں معروف منگیشکر خاندان میں پیدا ہوئیں۔ آشا بھوسلے نے 9 سال کی عمر میں ہی گلوکاری کا اپنا کیریئر شروع کردیا تھا۔

اُنہوں نے 1943 میں اپنا پہلا فلمی گانا ریکارڈ کرایا تھا اور 1950 تک اُنہوں نے ہندی سینما میں اپنے کیلئے ایک منفرد شناخت قائم کرلی تھی۔

اُن کے سب سے مقبول گیتوں میں ''ابھی نہ جاؤ چھوڑ کر'' ..... ''اِن آنکھوں کی مستی میں''..... ''دل چیز کیا ہے'' ..... ''پیا اَب تو آ جا''..... ''دنیا میں لوگوں کو'' اور ''ذرا سا جھوم لوں میں'' شامل ہیں۔

آشا بھوسلے نے مختلف بھارتی زبانوں میں 12 ہزار سے زیادہ گیت ریکارڈ کرائے ہیں۔ اُنہوں نے مینا کماری، مدھوبالا، زینت امان سے لے کر کاجول، اُرملا ماتونڈکر اور پدمنی اور وجینتی مالا جیسی جنوب کی اداکاراؤں سمیت بہت سی سرکردہ خواتین کو اپنی مسحور کُن آواز سے نوازا ہے۔×

PM Women Reservation

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ خواتین ریزرویشن ایکٹ کو صحیح معنوں میں نافذ کیا جائے اور 2029 کے لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات، خواتین کیلئے مقرر کردہ کوٹا کے ساتھ ہی کرائے جائیں گے۔ پارلیمنٹ کے تین روزہ خصوصی اجلاس سے قبل، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ایوان کے لیڈروں کے نام ایک خط میں، جناب مودی نے سبھی ارکان پر زور دیا کہ وہ خواتین ریزرویشن قانون میں ترامیم کو ایک ساتھ مل کر اتفاقِ رائے سے منظور کرائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کافی غوروخوض کے بعد، ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اب 'ناری شکتی وَندن ادھی نیئم' کو پورے ملک میں نافذ کرنے کا وقت آگیا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ اب یہ ناگزیر ہوگیا ہے کہ 2029 کے لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات، خواتین کو ریزرویشن دے کر ہی کرائے جائیں۔

خواتین ریزرویشن ایکٹ کی بدولت، لوک سبھا سیٹوں کی تعداد بڑھ کر 816 ہوجائے گی، جن میں سے 273 سیٹیں خواتین کیلئے ریزرو ہوں گی۔×

TN - Campaigning

مغربی بنگال اور تمل ناڈو میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ مغربی بنگال میں ملک کے چوٹی کے سیاسی رہنما، ریاست کا دورہ کررہے ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کی طرف سے وزیر اعظم نریندر مودی، سِلی گوڑی میں Kawakhali کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کررہے ہیں۔

S/B: PM

اُدھر تمل ناڈو میں BJP کے سربراہ نتن نبین Virudhunagar ضلع کے Sattur میں BJP کے ریاستی سربراہ Nainar Nagendran کیلئے چناؤ مہم میں شامل ہیں۔ سابق MP اور اداکار Sarath Kumar اور پارٹی کے بہت سے اہم رہنما Sattur میں روڈ شو میں حصہ لے رہے ہیں۔ BJP، AIADMK، PMK اور NDA اتحادی پارٹی کے افراد روڈ شو میں شامل ہیں۔×

BJP Whip

بھارتیہ جنتا پارٹی نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں اپنے سبھی ارکان کو ایک وِہپ جاری کرکے، انہیں اس ماہ کی 16 سے 18 تاریخ تک ہونے والے پارلیمنٹ کے اجلاس کے دوران، ایوان میں موجود رہنے کی ہدایت کی ہے۔ پارٹی نے کہا ہے کہ اس مدت کے دوران کوئی چھٹی منظور نہیں کی جائے گی۔

پارلیمنٹ کا ایک تین روزہ خصوصی اجلاس، جمعرات سے شروع ہورہا ہے، جس کے دوران خواتین ریزرویشن ترمیمی بل پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

PM - TN BJP

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ تمل ناڈو میں BJP کے کاریہ کرتاؤں نے ریاست میں DMK کی خراب کارکردگی کا پردہ فاش کردیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے تمل ناڈو کے BJP کاریہ کرتاؤں کو مبارکباد دی اور ریاست کیلئے NDA کے ترقیاتی ویژن کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے یہ بھی بتایا کہ وہ گل شام ''میرا بوتھ، سب سے مضبوط'' سمواد پروگرام کے دوران BJP کاریہ کرتاؤں سے ملاقات کریں گے۔×

VP - Tribal India

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے کہا ہے کہ ترقی کو حقیقی ترقی تبھی کہا جاسکتا ہے، جب اِس میں سب لوگوں کو شامل کیا جائے اور یہ معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچے۔ جناب رادھاکرشنن نے یہ بات آج نئی دلّی میں ٹیکنالوجی اور سائنس کے ذریعے قبائلی بھارت کے یکسر بدلاؤ سے متعلق ایک قومی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ نائب صدر جمہوریہ نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت کے قبائلی علاقے، سازگار ماحولیات پر مبنی اقتصادی ترقی کیلئے ایک اہم موقع فراہم کرتے ہیں۔ اِن علاقوں میں ایک لاکھ 40 ہزار قبائلی گاؤں ہیں، جہاں ملک کی کُل آبادی کا تقریباً 9 فیصد لوگ آباد ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب جدید سائنس کو زبان، عقیدے اور ثقافت کیلئے احترام کے ساتھ اپنایا جاتا ہے، تو یہ ہر فرقے کے تحفظ اور تفویض اختیارات کی ایک قوت بن جاتی ہے۔

SB - CP Radhakrishnan

اِس موقع پر ITITI دون سَنسکرِتی اسکول کی سِلور جوبلی تقریب کا بھی اہتمام کیا گیا تھا، جس میں سائنس و ٹیکنالوجی کے ذریعے قبائلی نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں اِس کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔ جناب رادھاکرشنن نے اِس بات کا ذکر کیا کہ اِس کیمپس کا افتتاح 25 سال پہلے سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی نے کیا تھا، جہاں محض 25 بچے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج یہ اسکول ہزاروں قبائلی بچوں کیلئے امید کی ایک کِرن بن گیا ہے۔ جناب رادھاکرشنن نے جن جاتیہ مجاہدین آزادی کی خدمات کو اجاگر کرنے کے سلسلے میں وزیر اعظم نریندر مودی کی کوششوں کی ستائش بھی کی۔×

Goyal Patent Filings

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج کہا ہے کہ مالی سال 2025 میں بھارت میں Patent داخل کرانے والوں کی

تعداد ایک لاکھ 43 ہزار سے تجاوز کرگئی ہے، جو اس سے پہلے مالی سال کے مقابلے 30 زیادہ ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، جناب گوئل نے کہا کہ ان میں سے 69 فیصد سے زیادہ Patents، ملک میں ہی تمل ناڈو، کرناٹک اور مہاراشٹر کے جدت طرازوں کی جانب سے داخل کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، Patent داخل کرانے کے لحاظ سے، دنیا کا چھٹا سب سے بڑا ملک ہے، جس سے ایک پُراعتماد بھارت کے جدت طرازی اور اختراع کا ایک عالمی Power House بننے کا اظہار ہوتا ہے۔ وزیرموصوف نے یہ بھی کہا کہ ملک کے جدت طرازی کے انجن کو اب کوئی روک نہیں سکتا اور یہ سنگ میل دنیا کو دکھا رہے ہیں کہ میڈ اِن انڈیا کو Invented اِن انڈیا سے تقویت حاصل ہوتی ہے۔×

Amarnath Yatra

سالانہ اَمرناتھ یاترا، اِس سال 3 جولائی کو شروع ہوگی اور 28 اگست کو رکشا بندھن کے تہوار کے موقع پر ختم ہوجائے گی۔ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اعلان کیا ہے کہ یاترا 57 دنوں تک جاری رہے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنہا نے کہا کہ بھگوان شیو کا آشیرواد لینے کی غرض سے Paratham پوجا کا اہتمام Jyeshta Purnima کے موقع پر 29 جون کو کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یاترا کیلئے پیشگی رجسٹریشن آن لائن اور آف لائن، دونوں طریقے سے 15 اپریل سے شروع ہوگا۔ رجسٹریشن کی سہولتیں، بینکوں کی 554 شاخوں میں دستیاب ہوں گی۔ اِن بینکوں میں ملک بھر میں جموں وکشمیر بینک، پنجاب نیشنل بینک، اسٹیٹ بینک آف انڈیا اور Yes بینک شامل ہیں۔×

US-Iran Delegation

امریکہ کے نائب صدر JD Vance کے زیر قیادت وفد اور ایران کا وفد کسی سمجھوتے پر پہنچنے میں ناکام رہنے کے بعد، اسلام آباد سے روانہ ہوگئے ہیں۔

امریکی نائب صدر نے کہا کہ ایران نے امریکی شرطوں کو قبول نہیں کیا، جن میں نیوکلیائی ہتھیار نہ بنایا جانا شامل ہے۔

ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن نے خبر دی ہے کہ اُس کا وفد کسی سمجھوتے پر پہنچنے کیلئے امریکہ کے ساتھ بات چیت ناکام ہونے کے بعد، پاکستان کی راجدھانی اسلام آباد سے راونہ ہوگیا ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ نے کہا کہ دو یا تین اہم معاملات پر اختلافات کے سبب بات چیت ناکام ہوگئی ہے۔

دونوں فریقوں نے تقریباً 21 گھنٹے تک وسیع تبادلۂ خیال کیا۔ 8 اپریل کو دو ہفتے کی جنگ بندی پر اتفاق رائے ہوا تھا، تاکہ بات چیت کی راہ ہموار ہوسکے، لیکن کسی سمجھوتے کے بغیر بات چیت اب ختم ہوگئی ہے۔×

China Taiwan

چین نے اعلان کیا ہے کہ وہ تائیوان کے ساتھ اپنے معطل کیے گئے بعض تعلقات کو دوبارہ بحال کرے گا۔ اِن میں چین کے مختلف شہروں میں براہِ راست پروازیں شروع کرنا اور تائیوان کی آبی کاشت کی مصنوعات کی درآمدات شامل ہیں۔ ایک بیان میں چین کی کمیونسٹ پارٹی کے تحت Taiwan Work Office نے کہا ہے کہ وہ Kuomintang کے ساتھ باضابطہ مواصلاتی طریقۂ کار کے قیام کی بھی کوشش کرے گا۔ یہ اعلان، چین کے صدر Xi Jin Ping اور Kuomintang کے

رہنما Cheng Li Wun کے درمیان جمعہ کو ایک ملاقات کے بعد کیا گیا ہے۔ دونوں فریقوں نے امن کے قیام پر زور دیا ہے۔ البتہ کوئی تفصیل نہیں بتائی ہے۔×

IPL

IPL کرکٹ میں لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ آج سہ پہر Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔
ایک دوسرے میچ میں ممبئی انڈینس کا سامنا وانکھیڑے اسٹیڈیم رائل چیلنجرز بینگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

Navy Commanders Conference

بھارتی بحریہ، نئی دلّی میں منگل سے کمانڈروں کی پہلی کانفرنس 2026 کی میزبانی کرے گی۔ ایک بیان میں وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اِس سہ روزہ کانفرنس میں بحریہ کی کارروائی کی صلاحیتوں اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔×

Fuel Export Duty

سرکار نے ڈیزل پر برآمداتی محصول کو 21 روپے 50 پیسے فی لیٹر سے بڑھا کر 55 روپے 50 پیسے فی لیٹر کردیا ہے۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ Aviation Turbine ایندھن پر بھی محصول 29 روپے 50 پیسے فی لیٹر سے بڑھا کر 42 روپے فی لیٹر کردیا گیا ہے۔ یہ قدم، برآمدات پر روک لگانے اور گھریلو سپلائی کو یقینی بنانے کی غرض سے کیا گیا ہے۔ پیٹرول پر برآمداتی محصول بدستور صفر رہے گا۔×

☆☆☆☆